# Salāh al-Duhā (The method of Chāsht Salāh)

**What do the respected Muftī say regarding the following issue: If one cannot perform 'Eid Salāh due to being in lockdown, then what is the method of the Nafls to be prayed at home?**

**Questioner: Qaysar, U.K.**

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

**If a person is unable to perform 'Eid Salāh due to COVID-19, being in lockdown, or any other reason, then it is Mustahabb [recommended] to pray two or four Rak'ah Chāsht[1] Salāh at home after the 'Eid Salāh has taken place in the Masjid or place of 'Eid [field, park, etc]. Nevertheless, it is better to read four Rak'ahs with one Salām and the method for this is as follows: After making intention of four Rak'ah Nafl Chāst Salāh, one is to say the Takbīr Tahrīmah tie the hands and then after praying Thanā'(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ إلَخْ...), Ta'awwudh(اعوذ بالله من.... إلَخْ ),Tasmiyyah, (بسم الله.... إلَخْ ) one should pray Sūrah al-Fātihah (الحمد لله رب العالمين.... إلَخْ ) and any other Sūrah alongside it (however, praying Sūrah al-A'lā is better). Then after performing Rukū & Sujūd and standing for the second Rak'ah as per normal, one should pray Sūrah al-Fātihah and any other Sūrah with it (however, it is better to pray Sūrah al-Shams). One should then perform Rukū & Sujūd as per normal and sit for Qa'dah Ūlā [the first sitting], and then recite Tashahhud. Durūd Ibrāhīmī & a Du'ā Mā'thūrah. One is then to stand for the third Rak'ah and start the third Rak'ah like the first Rak'ah and after reciting Ta'awwudh, Tasmiyah recite Sūrah al-Fātihah and any other Sūrah (although, it is better to pray Sūrah al-Layl). Then one is to perform Rukū & Sujūd as per normal, and then after standing for the fourth Rak'ah, one should pray Sūrah al-Fātihah then any other Sūrah (although, praying Sūrah al-Duhā is better). Next, one should perform Rukū & Sujūd as per usual and then sit for Qa'dah Akhīrah [the last sitting], recite Tashahhud, Durūd Ibrāhīmī, a Du'ā Mā'thūrah and then finish Salāh.**

**Imām Muslim Ibn Hajjāj Abū al-Husayn al-Qushayrī Nayshāpūrī, upon whom be mercy, (passed away in 261AH) thereby narrates in Sahīh Muslim from the respected & pure 'Ā'ishah, may Allāh Almighty be content with her, that she states that,**

---

[1] Forenoon

كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى أَرْبَعًا وَيَزِيدُ مَا شَاءَ الله

**The Noble Messenger of Allāh ﷺ would pray four Rak'ahs in the forenoon prayer and he ﷺ sometimes prayed more however Allāh willed.**

[Sahīh Muslim, Hadīth no 719]

**It is stated in Majma' al-Anhur Sharh Multaqā al-Abhur,**

أَنَّ صَلَاةَ الْعِيدِ قَائِمَةٌ مَقَامَ الضُّحَى فَإِذَا فَاتَتْ بِعُذْرٍ يُسْتَحَبُّ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ أَوْ أَرْبَعًا وَهُوَ أَفْضَلُ

**Chāsht Salāh is a substitute for 'Eid Salāh, hence if someone missed 'Eid Salāh due to certain reason (such as being in lockdown as is the case nowadays), then it is Mustahabb for two or four Rak'ahs Chāsht Salāh to be prayed, although praying four is better.**

[Majma' al-Anhur Sharh Multaqā al-Abhur, vol 1, pg 173]

**Moreover, 'Allāmah Abū al-Ma'ālī Burhān al-Dīn Mahmūd Ibn Ahmad Ibn 'Abd al-Azīz Ibn 'Umar Ibn Māzah al-Bukhārī al-Hanafī (passed away in 616AH) states in al-Muhīt al-Burhānī fī al-Fiqh al-Nu'mānī,**

صلاة العيد أقيمت مقام صلاة الضحى، فإذا عجز عن إقامة صلاة العيد لفوات الشرائط عاد الأمر إلى الأصل وهي صلاة الضحى، ...... صلى إن شاء ركعتين، وإن شاء أربعاً، ويكون ذلك صلاة الضحى والأفضل أن يصلي أربع ركعات، لما روي عن ابن مسعود رضي الله عنه أنه قال: من فاتته صلاة العيد صلى أربع ركعات، يقرأ في الركعة الأولى: {سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلَى} (الأعلى: ١) ، وفي الثانية: {وَالشَّمْسِ وَضُحَـهَا} (الشمس: ١) ، وفي الثالثة: {وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشَى} (الليل: ١) ، وفي الرابعة: {وَالضُّحَى} (الضحى: ١)

**Chāsht Salāh is an alternative for 'Eid Salāh. Hence, if someone was unable to perform 'Eid Salāh due to not being able to fulfil the conditions, then the rule returns back to the original and that original ruling is of Chāsht Salāh (i.e. Chāsht Salāh is then to be prayed). After some lines he wrote, one may pray two Rak'ahs or four Rak'ahs. Nevertheless, this will be Chāsht Salāh and it is better to pray four Rak'ahs, because it is narrated from the respected 'Abdullāh Ibn Mas'ūd, may Allāh Almighty be pleased with him, that whoever missed 'Eid Salāh, then he should perform four Ra'kahs (Chāsht**

**Salāh), and in the first Rak'ah recite (i.e. Sūrah al-A'lā), in the second (i.e. Sūrah al-Shams), in the third (i.e. Sūrah al-Layl), and in the fourth (i.e. Sūrah al-Duhā).**

[al-Muhīt al-Burhānī fī al-Fiqh al-Nu'mānī, vol 2, pg 112]

**In addition, 'Allāmah Zayn al-Dīn Ibn Ibrāhīm Ibn Muhammad (passed away in 970AH), also known as Ibn Nujaym, upon whom be mercy, states in al-Bahr al-Rā'iq Sharh Kanz al-Daqā'iq,**

الْأَفْضَلُ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَرْبَعُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيمَةٍ وَاحِدَةٍ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ وَقَالَا فِي اللَّيْلِ رَكْعَتَانِ

**According to Imām Abū Hanīfah, upon whom be mercy, it is better to perform the day & night Nafl Salāhs as four Rak'ahs with one Salām. Whereas, according to the Sāhibayn, it is better to perform the nighttime Nafls in sets of two Rak'ahs (however, it is better to perform the daytime Nafls in sets of fours with one Salām).**

[al-Bahr al-Rā'iq Sharh Kanz al-Daqā'iq, vol 2, pg 58]

**Furthermore, 'Allāmah 'Alā al-Dīn Abū Bakr Ibn Mas'ūd Ibn Ahmad al-Kāsānī al-Hanafī (passed away in 587AH), upon whom be mercy, states in Badā'i' al-Sana'i' fī Tartīb al-Sharā'i',**

إنَّ الْمُتَنَفِّلَ إذَا قَامَ إلَى الثَّالِثِ لِقَصْدِ الْأَدَاءِ يَنْبَغِي أَنْ يَسْتَفْتِحَ فَيَقُولَ: سُبْحَانَك اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِك إلَخْ كَمَا يَسْتَفْتِحُ فِي الِابْتِدَاءِ

**When the one praying Nafl Salāh stands for the third Rak'ah, then it is better for such person to start from Thanā' in the same manner as he started Salāh in the first Rak'ah with Thanā'.**

[Badā'i' al-Sanā'i' fī Tartīb al-Sharā'i', vol 1, pg 292]

**On a final note, 'Allāmah Muhammad Ibn 'Alī Ibn Muhammad al-Hisnī, also known as 'Alā al-Dīn Haskafī Hanafī (passed away in 1088AH), upon whom be mercy states in al-Fatāwā al-Hindiyyah - also known as Fatāwā 'Ālamgīrī - in addition to Radd al-Muhtār,**

وَفِي الْأَرْبَعِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَالْجُمُعَةِ وَبَعْدَهَا لَا يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَعْدَةِ الْأُولَى وَلَا يَسْتَفْتِحُ إذَا قَامَ إلَى الثَّالِثَةِ بِخِلَافِ سَائِرِ ذَوَاتِ الْأَرْبَعِ مِنْ النَّوَافِلِ كَذَا فِي الزَّاهِدِيِّ

**Durūd Sharīf will not be prayed on the Nobel Prophet ﷺ in Qa'dah Ūlā [first sitting] in the preceding Sunnahs of Dhuhr & Jum'ah (only Tashahhud will be prayed), nor will one start the third Rak'ah with Thanā', as compared to the remaining four Rak'ah Nafl (Durūd Sharīf will also be recited upon the Noble Prophet ﷺ after Tashahhud and the third Rak'ah will be started with Thanā').**

[al-Fatāwā al-Hindiyyah - also known as Fatāwā 'Ālamgīrī - vol 1, pg 113]
[Durr Mukhtār & Radd al-Muhtār, vol 1, pg 92]

هـذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب
المفتقـــــــر الی رحمۃ اللہ التـوّاب

*Answered by:*
Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani
(غـــفــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

*Translated by:* ***Haider Ali***

# صلاۃ الضحیٰ (نمازِ چاشت کا طریقہ)

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں کہ اگر لاک ڈاؤن(Lock Down)کی وجہ سے نماز عید ادا نہ کر سکے تو گھر میں پڑھے جانے والے نوافل کا طریقہ کیا ہوگا ۔

سائل:قیصر،(UK)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب**

کرونا وائرس (COVID 19)، لاک ڈاؤن(Lock Down)یا کسی بھی وجہ سے اگر کوئی شخص نماز عید نہ پڑھ سکے تو اس کے لیے مستحب ہے کہ مسجد یا عید گاہ میں نمازِ عید ہو جانے کے بعد وہ گھر میں دو یا چار رکعت چاشت کی نماز ادا کرے البتہ افضل چار رکعت ایک سلام کے ساتھ پڑھنا ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ چار رکعت چاشت کے نوافل کی نیت کر کے تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے ہاتھ باندھ لیں پھر ثناء(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ إلَخْ...)،تعوذ اور تسمیہ کے بعد سورۃ الفاتحہ اور اس کیساتھ کوئی ایک سورۃ پڑھیں(البتہ بہتر سورۃ الاعلیٰ پڑھنا ہے)پھر حسبِ معمول رکوع و سجود کر کے دوسری رکعت کے لیے قیام کرنے کے بعد سورۃ الفاتحہ اور اس کیساتھ کوئی ایک سورۃ پڑھیں(البتہ بہتر سورۃ الشمس پڑھنا ہے) پھر حسبِ معمول رکوع و سجود کر کے قعدہ اولیٰ ( First Sitting after two rakaat ) کے لیے بیٹھ جائیں اور تشہد(التحیات للہ و الصلوات ۔۔) ،درود ابراہیمی اور دعائے ماثورہ(رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ.....إلَخْ) پڑھیں اور پھر تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہو جائیں،تیسری رکعت پہلی رکعت کی طرح ثناء(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ إلَخْ...) سے شروع کرتے ہوئے تعوذ

اور تسمیہ کے بعد سورۃ الفاتحہ اور اس کیساتھ کوئی ایک سورۃ پڑھیں (البتہ بہتر سورة الليل پڑھنا ہے) پھر حسب معمول رکوع و سجود کرکے چوتھی رکعت کے لیے قیام کرنے کے بعد سورۃ الفاتحہ اور اس کیساتھ کوئی ایک سورۃ پڑھیں (البتہ بہتر سورة الضحٰی پڑھنا ہے) پھر حسب معمول رکوع و سجود کرکے قعدہ اخیرہ (Final Sitting after four rakaat) کے لیے بیٹھ جائیں اور تشہد (التحیات لله و الصلوات ..)، درود ابراہیمی اور دعائے ماثورہ (رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ.....إلَخْ) پڑھ کر نماز مکمل کریں۔

چنانچہ امام مسلم بن حجاج ابو الحسین القشیری نیشاپوری علیہ رحمۃ اللہ الباری المتوفی (261ھ) صحیح مسلم میں حضرت عائشہ رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہا سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتی ہیں کہ

كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى أَرْبَعًا وَيَزِيدُ مَا شَاءَ الله

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھتے تھے اور اللہ تعالیٰ جس قدر چاہتا زیادہ (بھی) پڑھ لیتے۔

((صحيح مسلم ،باب عدد ركعات الضحى، رقم الحديث 719 مطبوعہ دار احياء التراث العربي،بيروت )

اور مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر میں ہے

أَنَّ صَلَاةَ الْعِيدِ قَائِمَةٌ مَقَامَ الضُّحَى فَإذَا فَاتَتْ بِعُذْرٍ يُسْتَحَبُّ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ أَوْ أَرْبَعًا وَ هُوَ أَفْضَلُ

ترجمہ: بے شک عید کی نماز چاشت کی نماز کے قائم مقام ہے لہذا اگر عید کی نماز کسی عذر (جیسا کہ آجکل لاک ڈاؤن) کی وجہ سے فوت (Missed) ہو جائے تو مستحب ہے کہ دو رکعت یا چار رکعت نماز چاشت پڑھی جائے جبکہ چار رکعت پڑھنا افضل ہے۔

(مجمع الانھر شرح ملتقى الابحر ج 1 ص 173،مطبوعہ دار احياء التراث العربي،بيروت)

اور المحیط البرھانی فی الفقہ النعمانی میں علامہ ابو المعالی برھان الدین محمود بن احمد بن عبد العزیز بن عمر بن مازہ البخاری الحنفی علیہ رحمۃ اللہ القوی (المتوفی: 616 ہجری) فرماتے ہیں

صلاة العيد أقيمت مقام صلاة الضحى، فإذا عجز عن إقامة صلاة العيد لفوات الشرائط عاد الأمر إلى الأصل وهي صلاة الضحى، ...... صلى إن شاء ركعتين، وإن شاء أربعاً، ويكون ذلك صلاة الضحى والأفضل أن يصلي أربع ركعات، لما روي عن ابن مسعود رضي الله عنه أنه قال: من فاتته صلاة العيد صلى أربع ركعات، يقرأ في الركعة الأولى: {سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلَى} (الأعلى: ١) ، وفي الثانية: {وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا} (الشمس: ١) ، وفي الثالثة: {وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى} (الليل: ١) ، وفي الرابعة: {وَالضُّحَى} (الضحى: ١)

ترجمہ: نمازِ عید چاشت کی نماز کے قائم مقام ہے لہذا شرائط پوری نہ ہونے کی وجہ سے اگر عید کی نماز ادا نہ کی جا سکے تو حکم اصل کی طرف لوٹ آئے گا اور وہ اصل چاشت کی نماز ہے (یعنی پھر چاشت کی نماز ادا کی جائے) ۔۔۔۔۔۔ کچھ سطور کے بعد لکھا ۔۔۔۔۔ پھر چاہے تو دو رکعت ادا کرے چاہے تو چار رکعت بہرحال یہ چاشت کی نماز ہوگی اور افضل چار رکعت پڑھنا ہے کیونکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا جس کسی کی نماز عید فوت ہو جائے تو وہ چار رکعت (نمازِ چاشت) ادا کرے اور پہلی رکعت میں (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلَى) (یعنی سورۃ الأعلی)، دوسری رکعت میں (وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا) (یعنی سورۃ الشمس)، تیسری رکعت میں (وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى) (یعنی سورۃ اللیل)، اور چوتھی رکعت میں (وَالضُّحَى) (یعنی سورۃ الضحی) پڑھے۔

(المحيط البرهاني في الفقه النعماني، ج2 ص112 مطبوعة دار الكتب العلمية بيروت )

اور البحر الرائق شرح کنز الدقائق میں علامہ زین الدین بن ابراہیم بن محمد المتوفی 970 ہجری المعروف

Islamic Queries
KNOWLEDGE IS LIGHT

ابن نجیم مصری علیہ رحمۃ القوي فرماتے ہیں

الْأَفْضَلُ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَرْبَعُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيمَةٍ وَاحِدَةٍ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ وَقَالَا فِي اللَّيْلِ رَكْعَتَانِ

ترجمہ:امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دن اور رات کے نوافل ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنا افضل ہے جبکہ صاحبین کے نزدیک رات کے نوافل دو دو کر کے پڑھنا افضل ہے(جبکہ دن میں ان کے نزدیک بھی ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنا افضل ہے)۔

(البحر الرائق شرح كنز الدقائق ،كتاب الصلاة، بَابُ الْوِتْرِ وَالنَّوَافِلِ، ج 2 ص 58 مطبوعہ دار الکتب الاسلامی)

اور بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع میں علامہ علاء الدین ابو بکر بن مسعود بن احمد الکاسانی الحنفی علیہ رحمۃ اللہ القوي (المتوفی 587 ھجری) لکھتے ہیں

إنَّ الْمُتَنَفِّلَ إذَا قَامَ إلَى الثَّالِثِ لِقَصْدِ الْأَدَاءِ يَنْبَغِي أَنْ يَسْتَفْتِحَ فَيَقُولَ: سُبْحَانَك اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِك إلَخْ كَمَا يَسْتَفْتِحُ فِي الِابْتِدَاءِ

ترجمہ:نفل نماز پڑھنے والا جب تیسری رکعت کی ادائیگی کے لیے کھڑا ہو گا تو بہتر ہے وہ اس کو بھی ثناء (سُبْحَانَك اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِك إلَخْ...) سے شروع کرے جیسے نماز کی ابتداء میں اس نے پہلی رکعت ثناء سے شروع کی تھی۔

(بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع ،كتاب الصلاة،ج 1 ص 292، مطبوعة دار الكتب العلمية )

اور الفتاوی الہندیۃ المعروف فتاوی عالمگیری نیز در المختار میں علامہ محمد بن علی بن محمد الحِصنی المعروف علاء الدین حصکفی حنفی علیہ رحمۃ القوي المتوفی 1088ہجری فرماتے ہیں

وَفِي الْأَرْبَعِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَالْجُمُعَةِ وَبَعْدَهَا لَا يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَعْدَةِ الْأُولَى وَلَا يَسْتَفْتِحُ إذَا قَامَ إلَى الثَّالِثَةِ بِخِلَافِ سَائِرِ ذَوَاتِ الْأَرْبَعِ مِنْ النَّوَافِلِ كَذَا فِي الزَّاهِدِيِّ

ترجمہ: ظہر کی سنت قبلیہ اور جمعہ کی سنت قبلیہ و بعدیہ کے قعدہ اولیٰ ( First Sitting after two rakaat ) میں نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پر درود نہیں پڑھا جائے گا (فقط تشہد تک ہی پڑھیں گے) اور نہ ہی تیسری رکعت ثناء(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ إلَخْ...) سے شروع کریں گے بخلاف ان کے علاوہ بقیہ چار رکعت والے نوافل کے(ان کے قعدہ اولی میں تشہد کے بعد نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پر درود بھی پڑھا جائے گا اور تیسری رکعت ثناء(سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ إلَخْ...) سے شروع کریں گے۔

(الفتاوی الهندية المعروف فتاوی عالمگیری،کتاب الصلاۃ،الْبَابُ التَّاسِعُ فِي النَّوَافِلِ،مِنْ الْمَنْدُوبَاتِ صَلَاةُ الضُّحَى، ج 1ص 113، مطبوعہ دار الفکر، بیروت)،(در المختارمع رد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب الوتر و النوافل،ج1ص 92 مطبوعہ دار الفکر بیروت)

هـذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقـــــر الی رحمۃ اللہ التـوّاب

ابو حنظلہ خالد تسنیم المدنی

(غـــفــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

المتخصص في الفقه الاسلامي